پریس ریلیز

گوجرانوالہ 23 جون 2023ء

توصیف ایچ فاروقی چیئرمین نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے بجلی کی طلب اور رسد کو مدنظر رکھتے ہوئے مہنگی بجلی کے استعمال میں آسانی کیلئے کمپی ٹیٹیو ٹریڈنگ بائے لیٹرل کنٹریکٹ مارکیٹ سکیم متعارف کروائی ہے جس سے نہ صرف انڈسٹریل بلکہ گھریلو سستی بجلی بنائی جا سکے گی اور اپنی مرضی سے اپنے نرخوں میں فروخت بھی کی جا سکے گی۔ اس سکیم سے ڈسٹری بیوشن کمپنیاں جو صارف کو مہنگی بجلی دے رہی ہیں ان سے بھی چھٹکارہ مل سکتا ہے۔ اس کیلئے نیپرا سے NOC کی ضرورت ہو گی جو تین سے چار ورکنگ دنوں میں جاری کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس سکیم میں ایک سے زیادہ انوسٹرز بھی انوسٹ کر سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اراکین سے خطاب کے دوران کیا جبکہ اجلاس کی صدارت چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کی۔ اس موقع پر نائب صدر عادل ندیم، اراکین مجلس عاملہ، سابق صدور شیخ محمد نسیم، ملک ظہیر الحق، سعید احمد تاج، عمر اشرف مغل، سینئر نائب صدر حاجی نوشاد احمد، سابق نائب صدور اظہر اسلم، ملک امین ناز، شیخ قیصر امین جموں والے، چیئرمین بورڈ گیپکو محمد شعیب بٹ، انجینئر محمد ایوب چیف ایگزیکٹیو گیپکو کے علاوہ رانا جہانگیر ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشن گیپکو کے علاوہ گیپکو کے اعلیٰ عہدیداران نے شرکت کی۔

اس موقع پر صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ فیصل ایوب نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملکی انڈسٹری کو بے شمار چیلنجز نے گھیر رکھا ہے ان چیلنجز میں سب سے بڑا چیلنج مہنگی بجلی کے استعمال کا ہے۔ ملکی انڈسٹری کا انحصار توانائی پر ہی منحصر ہے جبکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انڈسٹری مالکان مہنگی ترین بجلی استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ بجلی کے روزانہ کی بنیاد پر بڑھتے ہوئے نرخ سے صنعتوں کی پیداواری لاگت میں بے انتہا اضافہ ہو چکا ہے۔ پیداواری لاگت میں اضافہ سے ہماری صنعت مقابلہ کی دوڑ میں بھی پیچھے جا رہی ہے ان تمام چیلنجز کے باوجود ہم یہ سمجھتے ہیں کہ صنعتیں جو کہ بڑے پیمانے پر بجلی کے صارف ہیں ان کیلئے کسی ایسی سکیم کا متعارف کرانا وقت کی اشد ضرورت تھی اس تناظر میں نیپرا کی طرف سے جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیپرا نے اس سکیم کا اجراء تو کر دیا ہے البتہ اس سکیم کے متعلق زیادہ سے زیادہ آگاہی فراہم کریں تاکہ لوگوں تک اس کی مکمل معلومات ہو اور وہ اس سکیم کا بہتر سے بہتر استعمال کر سکے۔